بسم اللّٰه الرحمن الرحيم

پیش لفظ

الحمد لله رب العالمين والصلاة والسلام على رسوله محمد النبي الصادق الأمين وعلى آله وصحبه أجمعين ومن تبعهم إلى يوم الدين، أما بعد:

حال هي مين ميرى محترم دوست وكيل سليمان قاضى صاحب كى دعوت بر شمال برطانيه كى مشهور قصبه باتلى جانا هوا، جهان ان كى بهائى مولوى خليل احمد قاضى صاحب مد ظله نى حضرت مولانا مفتى محمد فاروق صاحب دامت بركاتهم كى تحقيق وتوجه سى شائع شده مشكوة المصابيح كى اردو شرح كى جه جلدين هدية بيش كين.

مفتى صاحب نى جند سال بهلى آكسفورد مين غريب خانه آكر ميرى عزت افزائى كى، اور ميرى بعض تصنيفات خاص طور سى (المحدثات) اور (ندوه كا ایک دن) سى ابنى دلجسبى كا اظهار كيا، مفتى صاحب نى بهلى هى ملاقات مين مجھ بر كهرا اثر جهورا، ان كى علم وفضل، صلاح وتقوى، اور تواضع اور بلندى اخلاق نى خاص طور سى متاثر كيا، اور اس وقت سى مفتى صاحب سى تعلق استوار هوكيا.

علم وعمل كى جامعيت كى ساتھ مفتى صاحب ميرٹھ مين ایک اهم اور مشهور ومعروف دار العلوم جامعه محموديه كى بانى، مهتمم اور شيخ الحديث هين، اور تصوف مين حضرت مفتى محمود صاحب كنكوهى رحمة الله عليه كى جانشين هين، صحيح معنون مين تصوف انهى حضرات كو زيب ديتا هى جو قرآن وسنت كى علوم كى حامل اور فقيهانه بصيرت كى مالک هون، ان فضائل كى امتزاج اور اخلاق نبوى اور بلندى كردار سى اتصاف نى مفتى صاحب كى تصوف كو امام ربانى شيخ احمد سرهندى، حجة الإسلام شاه ولي الله دهلوى اور محيي السنة فقيه زمانه مولانا رشيد احمد كنكوهى رحمة الله عليهم كى اعمال واحوال كا آئينه بناديا هى.

كونان كون انتظامى، علمى، دعوتى اور اصلاحى ذمه داريون كى ساتھ مفتى صاحب تصنيف وتاليف كى ميدان مين بهى اهم مقام بر فائز هين، آب كا ایک اهم علمى وتحقيقى كارنامه 31 جلدون مين فتاوى محموديه كى ديده زيب عمده اور باكيزه اشاعت هى، آب كا جمع كرده يه مجموعه فتاوى علمى حلقون سى خراج تحسين حاصل كرجكا هى، عام مفتى حضرات اور علمائ كرام اس سى استفاده كر رهى هين، اور معاصر حنفى فتاوى مين اس نى ایک خاص علمى وتحقيق مقام بيدا كرليا هى، اور اسى مستند اور معتبر سمجها جا رها هى.

مفتی صاحب نی ابنی شیخ کی فتاوی کو جس اهتمام، تحقیق اور عمده طباعت کی ساته شائع کیا هی یه ان کی علمی وفقیهانه بلندی اور شرافت اور عظمت کی اهم دلیل هی، اساتذه وشیوخ کی ساته یه وفاداری اب عنقا هوتی جا رهی هی، بلکه ایسی نام نهاد مصنفین ومحققین کی کمی نهین هی جو ابنی اساتذه وشیوخ اور دیکر اهل علم کی تحقیقات اور انکشافات کو بغیر کسی شرم وحیا کی ابنی طرف منسوب کرکی شائع کرتی رهتی هین، علمی سرقه کی ماحول مین ابنی خدمات کو ابنی اساتذه کی طرف منسوب کرنا بلندی کردار کا بهترین نمونه هی، عصر حاضر مین اس کی ایک مثال هماری شیخ اور عالم اسلام کی نامور محقق حافظ حدیث شیخ عبد الفتاح أبو غدة رحمة الله علیه کی شخصیت هی، آب نی ابنی محنت اور تحقیق کی ساته علامه عبد الحي فرنکی محلی، حضرت مولانا انور شاه کشمیری اور علامه زاهد کوثری رحمة الله علیهم کی تصنیفات کو کس طرح زنده کیا یه اهل علم سی مخفی نهین، بسا اوقات دوسرون کی تصنیفات بر محققانه کام براه راست تصنیف سی زیاده صبر آزما هوتا هی، اسی لئی اهل علم کی یهان یه مثل مشهور هی که جس نی کسی کتاب کو تحقیق کی ساته شائع کیا اس نی کویا ایک زنده در کور بجی کو زندکی بخشی.

اسی شرافت اور علم سی مخلصانه لکاؤ کا نتیجه مشکوة المصابیح کی بیش نظر اردو شرح هی جسی مفتی صاحب نی دل لکا کر بری کاوش سی مرتب کیا هی، اس مین موصوف نی ابنی استاذ علامه رفیق احمد صاحب شیخ الحدیث مفتاح العلوم جلال آباد کی مشکوة المصابیح کی درسی تقریرات جمع کی هین، اور ابنی شیخ حضرت مفتی محمود کنکوهی صاحب رحمة الله علیه کی افادات بهی شامل کئی هین، تقریر وتحریر کا فرق ظاهر هی، ان درسی تقریرات کو تصنیف کی شکل مین بیش کرنا جس محنت اور فکر ونظر کا متقاضی هی اهل علم سی مخفی نهین، کسی تصنیف بر تحقیق کرکی اسی اجهی طرح شائع کرنا اکر مشکل کام هی، تو درسی تقریرات کو تصنیف کی شکل دینا اور تحقیقات وافادات سی مزین کرکی اسی شائع کرنا کس قدر دشوار هوکا اس کا اندازه وه حضرات بخوبی کرسکتی هین جنهین اس طرح کی کام سی کوئی سابقه رها هی.

صاحب تقریرات مشکوة حضرت علامه رفیق احمد صاحب رحمة الله علیه کی سوانح کی ساته مفتی صاحب نی اس مین شیخ عبد الحق محدث دهلوی کی مقدمه مشکوة کا ضروری تشریح کی ساته ترجمه بهی شامل کردیا هی، مفتی صاحب نی اس کی بوری کوشش کی هی که حدیث کی اصول واصطلاحات کی تعریفات سهل اور عام فهم هون، مقدمه کتاب مین مفتی صاحب نی جوبیس جلیل القدر ائمه حدیث کی تراجم بهی ذکر کئی هین، جن مین اصول سته کی مصنفین کی علاوه صاحب مصابیح السنة اور صاحب مشکوة کی تراجم بهی شامل هین، یه تراجم علم حدیث کی اهم تاریخ کی تعارف کا بهترین ذریعه هین، اور امید هی که اس سی طلبه کو علم حدیث کی ارتقاء اور تاریخی مراحل کی سمجهنی مین مدد ملی کی.

اس طویل عالمانه اور محققانه مقدمه کی بعد جو دلجسب بهی هی اور بصیرت افروز بهی، مفتی صاحب نی احادیث مشکوة کی تخریج، شرح کی مشتملات بر ذیلی عناوین لکا کر اور جکه جکه حواشی مین مفید اضافات وتحقیقات کی ذریعه اس شرح کی قدر وقیمت اور افادیت مین بیش بها اضافه فرمادیا هی، شرح کی مطالعه سی اندازه هوتا هی که صاحب شرح حدیث کی معانی اور اختلافات فقهاء کی رمز شناس هین، اسی لئی اس شرح مین کهرائی بها هی اور کیرائی بهی.

اس کتاب کی اس قدر عالمانه اور خوبصورت طباعت بر مفتی صاحب شکریه کی مستحق هین اور لائق مبارکباد هین، ان کی لئی سعادت مقدر تهی که فتاوی محمودیه کی بعد اب مشکوة شریف کی شرح اهل علم کی سامنی بیش کر رهی هین، ابهی تک اس کتاب کی صرف جه جلدین شائع هوئی هین جو کتاب الصلوة کی باب ما یقرأ بعد التکبیر تک کی شرح هی، جار جلدین ابهی بریس مین هین، بوری مشکوة کی شرح شاید بیس جلدون سی زاید هو، آج کل وقت کی تنکی کی شکایت عام هی، مفتی صاحب نی جس طرح ابنی اوقات کو مرتب کیا هی اور اسی مفید ونافع بنایا هی، یه اس کا ثبوت هی که آج بهی اکر اهل علم حضرات علم وعبادت مین جامعیت کی ساتھ کام کرین تو ان کی وقت مین برکت هو سکتی هی، اور کزشته اهل علم کی یادین تازه هوسکتی هین.

اردو مین مشکوة المصابیح کی سب سی قدیم شرح مظاهر الحق هی، موجوده شرح مظاهر الحق بر مختلف حیثیتون سی بیش بها اضافه هی، بالخصوص احادیث کی تشریح مین هر ممکن بهلو بر سیر حاصل بحث هی، اور مختلف احادیث بر بیدا هونی والی اشکالات کی کافی وشافی علمی جوابات هین.

یه کتاب اردو زبان مین ایک اهم اور قیمتی تحفه هی، مجهی یقین هی که حدیث کی طالبعلم هی نهین بلکه اسلامیات سی دلجسبی رکهنی والی عام حضرات اس کتاب کو شوق سی برهین کی اور مستفید هون کی.

اخیر مین دعا هی که الله تعالی حضرت علامه رفیق احمد صاحب اور مفتی محمود صاحب کنکوهی رحمة الله علیهما کی درجات بلند فرمائی، اور ان کی اس علمی فیض کو ان کی لئی صدقه جاریه بنائی، اور جناب مفتی فاروق صاحب دامت برکاتهم کو اس عظیم جد وجهد بر جزائی خیر عطا کری، اور علماء کرام اور طالبان علوم نبوت کو ان سی زیاده سی زیاده استفاده کی توفیق نصیب فرمائی.

وكتبه

محمد أكرم الندوي

أوكسفورد – 10 رمضان 1433هـ